## بعض عناصر نادیدہ قوتوں کے اشارے پر جمہوری عمل کو متاثر کرنے کی کوشش کررہے ہیں، الطاف حسین

## اس مرتبہ پاکستان سے جمہوریت کو ڈی ریل کیا گیا تو یہ عمل ملک وقوم کیلئے ناقابل تلافی نقصان کا سبب بن سکتا ہے

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور منتخب نمائندوں کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔16، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بعض عناصر ملک کی نادیدہ قوتوں کے اشارے پر پاکستان کے جمہوری عمل کو متاثر کرنے کی کوشش کررہے ہیں اور اگر اس مرتبہ پاکستان سے جمہوریت کو ڈی ریل کیا گیا تو یہ عمل ملک وقوم کیلئے ناقابل تلافی نقصان کا سبب بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں ایم کیوایم کے ذمہ داران پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے لہٰذا ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داران فرض شناسی کے ساتھ ملک کی سلامتی وبقاء اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے مزید عملی کوششیں کریں۔

یہ بات جناب الطاف حسین نے اتوار کے روز ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں پاکستان، امریکہ اور کینیڈا سے لندن آنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور منتخب نمائندگان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں کراچی سے آئے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضا، حق پرست سینیٹر اور معروف عالم دین پروفیسر عبدالخالق پیرزادہ، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان ارشد حسن، کیف الوریٰ، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن نیر اقبال، رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید، سابق حق پرست ارکان سندھ اسمبلی کیپٹن محمد علی، عارف صدیقی، جمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد اور ایم کیوایم کینیڈا کی معاون سینٹرل کمیٹی کے رکن اقبال قمر ملک شریک تھے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سلیم شہزاد، آصف صدیقی اور جاوید کاظمی بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک طرف ملک کی سرحدوں پر بیرونی خطرات منڈلارہے ہیں، ملک میں غربت، افلاس اور مہنگائی عروج پر جاپہنچی ہے، غربت کی وجہ سے عوام فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، پانی کی قلت اور بجلی کی لوڈشیڈنگ سے ملک بھر کے عوام پریشان ہیں، ملک میں غذائی اجناس کی قلت ہے اور اگر غذائی اجناس موجود ہے تو غریب عوام کی قوت خرید سے باہر ہے جبکہ دوسری جانب سے بعض سیاسی ومذہبی جماعتیں سیاسی مفادات کے حصول کیلئے محاذ آرائی میں مصروف ہیں اور ملک بھر کے غریب عوام کے اہم بنیادی مسائل کے حل پر توجہ دینے کے بجائے یہ جماعتیں سیاسی مفادات کی دوڑ میں شامل ہورہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں موجودہ حکومت کو تین ماہ کا عرصہ ہی گزرا ہے اور ابھی سے ہی بعض عناصر ملک کی نادیدہ قوتوں کے اشارے پر جمہوری عمل کو متاثر کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر خدانخواستہ اس مرتبہ جمہوریت کو ڈی ریل کیا گیا تو یہ عمل ملک کیلئے انتہائی تباہ کن اور ناقابل تلافی نقصان کا سبب بن سکتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں متحدہ قومی موومنٹ کے تمام ذمہ داران پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جمہوریت کے فروغ، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک کی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماء ملک کی بقاء وسلامتی اور غریب عوام کے مسائل پر توجہ دینے کے بجائے ان ''نان ایشوز'' پر لانگ مارچ کررہے ہیں جو کہ ملک کے 16 کروڑ عوام کے مسائل ہی نہیں ہیں جبکہ ملک کی سلامتی وبقاء اور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے کوئی مظاہرہ نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سیاسی ومذہبی جماعتوں کی قیادت جاگیردار طبقہ سے تعلق رکھتی ہے اور ان سیاسی ومذہبی جماعتوں کو اس سے قطعی کوئی غرض نہیں ہے کہ ملک کس نازک دور سے گزررہا ہے اور کن خطرات میں گھرا ہوا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کوئی ملک کی سلامتی وبقاء اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی فکر کرے یا نہ کرے یہ ایم کیوایم کا فرض ہے کہ وہ ملک کی بقاء وسلامتی اور ملک بھر کے عوام کو درپیش مسائل پر بات کرے تاکہ عوام خود کو تنہا محسوس نہ کریں اور جان سکیں کہ متحدہ قومی موومنٹ کی صورت میں کوئی جماعت ہے جو ان کے بنیادی حقوق کیلئے آواز اٹھارہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم جاگیردار طبقہ سے نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی جماعت ہے جو بنیادی سہولیات سے محروم اور مسائل کا شکار ہے اور گزشتہ 30 برسوں سے غریب عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے سینیٹ، قومی، صوبائی اور بلدیاتی ایوانوں میں پڑھے لکھے اور باصلاحیت افراد کو منتخب کراکے بھیجا ہے جو انتخابات میں حصہ لینے کا تصور تک نہیں کرسکتے۔

جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داروں پر زور دیا کہ وہ فرض شناسی اور دیانتداری کا مظاہرہ کرتے

ہوئے ملک کی سلامتی، بقاء، ترقی اور عام شہریوں کی فلاح و بہبود کیلئے عملی کوششیں کریں اور اس سلسلے میں عوامی ایشوز پر سیمینار اور مذاکرے کا اہتمام کرکے ان میں تمام مکاتب فکر کے دانشوروں اور اہل علم کو مدعو کریں تاکہ پاکستان کے عوام کی اکثریت کے مسائل کو اجاگر کرنے اس کا حل تلاش کیا جا سکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایم کیوایم کے ایک ایک ذمہ دار اور کارکن کا فرض ہے کہ وہ دیانتداری سے عوام کے مسائل حل کرنے پر توجہ دے اور ذاتی مفادات کی سیاست سے دور رہے۔

## ایم کیوایم کراچی تنظیمی کے رکن اقبال مودی، سابق سیکٹر انچارج لانڈھی عامر صدیقی شہید کی والدہ اور کے کے ایف کے رکن انصار نقوی کی اہلیہ مرحومہ کیلئے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں فاتحہ خوانی
## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی شرکت

لندن۔۔16 جون 2008ء

ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں اتوار کے روز ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن اور سینئر کارکن اقبال مودی، اور سابق سیکٹر انچارج لانڈھی عامر صدیقی شہید کی والدہ نجمہ بیگم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن شعبہ مالیات کے رکن انصار نقوی صاحب کی اہلیہ مرحومہ کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور مرحومین کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ حق پرست سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ نے فاتحہ خوانی کرائی جس میں مرحومین کی مغفرت، حق پرست شہداء کے بلند درجات سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل، ملک کی سلامتی اور قائد تحریک کی صحت وآفیت کیلئے دعا کی گئی۔ فاتحہ خوانی میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خصوصی شرکت کی جبکہ ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، ارکان محمد انور، سلیم شہزاد، جاوید کاظمی، آصف صدیقی، ڈاکٹر عاصم رضا، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج ارشد حسن، رکن کیف الوریٰ، کے ایم او سی کے رکن نیر اقبال، رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید، جمشید ٹاؤن کے ناظم جاوید احمد، سابق صوبائی اسمبلی عارف صدیقی، سابق رکن سندھ اسمبلی کیپٹن محمد علی، ایم کیوایم کینیڈا کی معاون سینٹرل کمیٹی کے رکن اقبال قمر ملک شعبہ خواتین اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان اور ایم کیوایم یو کے یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے شہید کارکن عامر صدیقی کے والدہ نجمہ بیگم نارتھ ناظم آباد کے کارکن عارف سمیع کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔16 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے شہید کارکن عامر صدیقی کی والدہ محترمہ نجمہ بیگم اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے کارکن عارف سمیع کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن کی والدہ، ناظم گلبہار سیکٹر کے کارکن کے بھائی اور نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن عارف سمیع کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 133 کے کارکن عارف سمیع، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ A-67 کے کارکن خرم صدیقی اور شہید کارکن عامر صدیقی کی والدہ محترمہ نجمہ بیگم اور ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کے کارکن علی اصغر کے بھائی محمد اسلم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆